# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ تھل لمیٹڈ (''کمپنی'') کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعرات ۲۲ مارچ ۲۰۱۸ء صبح ۹:۳۰ بجے بمقام دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) آڈیٹوریم، جی-۱۳، بلاک-۸، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ ایونیو، نزد تین تلوار، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

## خصوصی کارروائی

## پس منظر

تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''تھل نووا'') تھل لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') اور نووا ٹیکس لمیٹڈ (''نووا ٹیکس'') (ہر ایک ''اسپانسر'') کی جانب سے تشکیل دی گئی ایک جوائنٹ وینچر کمپنی ہے جو ان کے مکمل ملکیتی ذیلی اداروں تھل پاور پرائیویٹ لمیٹڈ (''تھل پاور'') اور نووا پاور جن لمیٹڈ کے ذریعے قائم کی گئی اور ۳۳۰ میگاواٹ کول فائرڈ پاور پروجیکٹ (دی ''پروجیکٹ'') کی ڈیزائننگ، تعمیر، سرمایہ کاری اور اسے ترقی دینے میں مصروفِ عمل ہے۔ یہ پروجیکٹ کی فنانسنگ کے لئے ایک پیشگی شرط کے طور پر تھل نووا کے قرض دہندگان کو کمپنی اور نووا ٹیکس کے مابین کچھ معاونت درکار ہوتی ہے جو تھل نووا کے قرض دہندگان، تھل نووا اور کمپنی کے درمیان ایک اسپانسر سپورٹ معاہدے کے مطابق فراہم کی جائے گی۔ اس معاونت کے سلسلے میں اور اگر اس کو درست تصور کیا گیا تو درج ذیل قراردادوں کو بطور خصوصی قرارداد ترمیم یا بلا ترمیم منظور کیا جائے گا۔

## تھل نووا کے قرض دہندگان کیلئے اسپانسر سپورٹ

قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری حاصل کی جائے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے تحت ذریعہ ہٰذا حاصل کی جاتی ہے جس کے ذریعے کمپنی تھل نووا میں براہِ راست یا بذریعہ تھل پاور (بطور کمپنی کا ایک مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ) ۵۸ء۷ ملین امریکی ڈالر کے مساوی پاک روپے میں سرمایہ کاری کرے گی (''ایکویٹی کی مالی ذمہ داری'') اور تھل نووا کے قرض دہندگان اور/ یا تھل نووا کے حق میں ایکویٹی کی مالی ذمہ داری کو تحفظ دینے کے لئے ۱۴۱ء۱ ملین امریکی ڈالر کے مساوی رقم میں اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ کا انتظام کرے گی، جیسا کہ کمپنی اور تھل نووا کے قرض دہندگان کے درمیان طے پانے والے اسپانسر سپورٹ معاہدے (دی ''اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ'') کے تحت ضروری ہے اور متعلقہ قرض دہندگان کی جانب سے درکار کمپنی کے اثاثہ جات کے تحفظ کا بھی بندوبست کرے گی جو کہ مطلوبہ اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ جاری کریں گے۔

قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری حاصل کی جائے اور ذریعہ ہٰذا حاصل کی جاتی ہے کہ کمپنی کے لئے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے مطابق تھل نووا کیلئے ۲۳ء۲ ملین امریکی ڈالر کے مساوی پاک روپے کے قرضے کی توسیع دی جائے یا اس رقم کو تھل نووا میں براہِ راست یا بذریعہ تھل پاور کی فنڈنگ میں کمی/ پروجیکٹ کی تکمیل کی تاریخ کو حاصل کرنے کے لئے کاسٹ اوور ان کو پورا کرنے کے مقاصد کیلئے سرمایہ کاری میں لگایا جائے (اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ میں واضح کیا جائے گا) بشمول تاہم صرف اس تک محدود نہیں، تھل نووا کے قرض دہندگان کو کسی رقومات کی ادائیگی کے ضمن میں (دی ''کاسٹ اوور ان مالی ذمہ داری'') صرف کیا جائے اور اگر تھل نووا کے قرض دہندگان کی جانب سے درکار ہو تو اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ کا انتظام کیا جائے جو تھل نووا کے قرض دہندگان/تھل نووا کے حق میں ۲۳ء۲ ملین امریکی ڈالر کی رقم سے زائد نہ ہو اور متعلقہ قرض دہندگان کی جانب سے درکار کمپنی کے اثاثہ جات کے تحفظ کا بھی بندوبست کرے گی جو کہ مطلوبہ اسٹینڈ بائی لیٹر آف کریڈٹ جاری کریں گے۔

قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی اجازت حاصل کی جائے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے مطابق حاصل کی جاتی ہے کہ ڈیبٹ سروس ریزرو سپورٹ فراہم کرنے کیلئے ۱۲ء۴ ملین امریکی ڈالر کے مساوی پاک روپے میں تھل نووا کے قرض دہندگان کے حق میں ایک یا زائد لیٹرز آف کریڈٹ حاصل کئے جائیں جیسا کہ اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ کے مطابق تھل نووا کے قرض دہندگان کی جانب سے درکار ہیں اور کمپنی کے اثاثہ جات پر سیکیورٹی کا بندوبست کیا جائے جو متعلقہ قرض دہندگان کی جانب سے ضروری ہیں جو مطلوبہ لیٹرز آف کریڈٹ جاری کریں گے۔

قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی اجازت حاصل کی جائے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے تحت حاصل کی جاتی ہے کہ تھل نووا کے غیر ملکی کرنسی قرض دہندگان کو کی جانے والی ادائیگیوں کے ضمن میں شراکت کی جائے جہاں مالیاتی اداروں کی جانب سے تجارتی خطرات کی گارنٹی جاری کی جائے (''کمرشل رسک گارنٹی جاری کرنے والے بینک'')، جیسا کہ بورڈ کی جانب سے ایسے غیر ملکی کرنسی قرض دہندگان کے حق میں منجانب تھل نووا منظوری کی گئی ہے (تجارتی خطرات کی ضمانت)، جو ایسی غیر ملکی کرنسی قرض دہندگان کی جانب سے طلب کی گئی تھی (''تجارتی خطرات کے تحت گارنٹی شدہ ادائیگی کی ذمہ داری'') اور جس کی شراکت ۱۲.۴ ملین امریکی ڈالر کے مساوی پاک روپے سے زائد نہ ہوگی اور یہ تجارتی خطرات کی گارنٹی جاری کرنے والے بینکوں کے حق میں کمپنی کے اثاثہ جات کو سیکیورٹی کے بندوبست کے لئے ہوگی تا کہ تجارتی خطرات کے تحت گارنٹی شدہ ادائیگی کی ذمہ داری پوری کی جائے۔

قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری حاصل کی جائے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے تحت حاصل کی جاتی ہے کہ قرض کے ذریعے تھل نووا میں کی جانے والی کسی بھی سرمایہ کاری کے سلسلے میں کمپنی کے حقوق تفویض تھل نووا کے قرض دہندگان کے حق میں تفویض کئے جائیں (جس قرضے کو تھل نووا کے قرض دہندگان کے ڈیبٹ کے ماتحت تصور کیا جائے گا)۔

قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری حاصل کی جائے اور بذریعہ ہٰذا کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کے تحت حاصل کی جاتی ہے کہ تھل نووا میں کوئی بھی ایسی دیگر سرمایہ کاری براہِ راست یا بذریعہ تھل پاور ذاتی طور پر اس مدت کے لئے اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ اور کسی دیگر متعلقہ معاہدے یا بورڈ کی جانب سے منظور شدہ ٹرم شیٹس جن پر سی ای او اور کمپنی کے کسی ڈائریکٹر کے مشترکہ دستخط ہوں، کے مطابق کی جائے۔

حسب الحکم بورڈ

کراچی:

**عمیر ریاض صدیقی**

کمپنی سیکریٹری

۲۶ فروری ۲۰۱۸ء

**کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت ایک اسٹیٹمنٹ اس نوٹس کی کاپی کے ہمراہ ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔**

**نوٹ:**

۱۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۱۶ مارچ ۲۰۱۸ء تا ۲۲ مارچ ۲۰۱۸ء (بشمول دونوں یوم) بند رہیں گی ممبران (نان۔سی ڈی سی) سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ۸۔ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک۔۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔فون: 5-34380101-21-009، 3-34384621-21-0092 (ایکسٹینشن 103)، فیکس: 0092-21-34380106 پر مطلع کریں۔سی ڈی سی کے ذریعے شیئرز رکھنے والے تمام ممبران سے درخواست ہے کہ برائے مہربانی اپنے ایڈریس اپنے پارٹیسپینٹ کے پاس اپ ڈیٹ کرائیں۔

۲۔ اجلاس ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر کسی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے بطور پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسیز کے موثر العمل ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہوجائیں۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔

۳۔ ممبران لاہور اور اسلام آباد میں وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں۔اس سلسلے میں برائے مہربانی درج ذیل فارم کو بھریں اور اسے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے ۱۰ روز قبل جمع کرائیں۔

اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کے ارادے کی اطلاع اجلاس کی تاریخ سے کم از کم ۱۰ دن قبل موصول ہوگی تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

کمپنی غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت بشمول اس سہولت تک ان کی رسائی کے بارے میں مکمل ضروری معلومات کے ساتھ اطلاع کردے گی۔

| |
|---|
| میں/ ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بحیثیت تھل لمیٹڈ کا/ کے ممبر، حامل۔۔۔۔۔۔۔عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر۔۔۔بذریعہ ہذا وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کا/ کے خواہشمند ہوں/ ہیں۔ |
| (ممبران کے دستخط) |

۴۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ میں دی گئی رہنما ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

### الف) اجلاس میں شرکت کیلئے

اے۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (''سی این آئی سی'') یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

بی۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار داد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔

### ب) پراکسیز کے تقرر کیلئے

اے۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں انہیں پراکسی کا فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

بی۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہوں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں۔

سی۔ پراکسی فارم کے ساتھ بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا ہوں گی۔

ڈی۔ پراکسی کو بوقت شرکت اجلاس اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ای۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرار داد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے۔